نوحہ

شاہ کہتے تھے اے میری خواہر — میرے لاشے پہ رونے نہ آنا
دیکھکر میرے مقتل کا منظر — میرے لاشے پہ رونے نہ آنا

چاک دامن نہ کرنا حزن میں — سر کو کھولے میرے بعد رن میں
میری ماں جائی زینب مضطر — میرے لاشے پہ رونے نہ آنا

دیکھا بابا و ماں کو گذرتے — تم نے دیکھا ہے شبرؑ کو مرتے
لو بچھڑتا ہے یہ بھی برادر — میرے لاشے پہ رونے نہ آنا

تم کو دیکھ کے تڑپیگی مادر — غمزدہ ہونگے نانا و حیدر
کانپ اٹھیگا میرا جسم بے سر — میرے لاشے پہ رونے نہ آنا

لو سلام آخری یہ ہمارا — اب نہ آئینگے واپس دوبارہ
تھام لو تم رکاب میری آکر — میرے لاشے پہ رونے نہ آنا

صابرۃ فاطمۃ کی اے بیٹی — تجھکو سہنا ہے زنداں کی سختی
سہہ لیا تو نے داغ بہتر — میرے لاشے پہ رونے نہ آنا

شانے عباس کے تو هلا کر بین کرنا نه میداں میں آکر
قتل گاہ میں اُٹھیگا محشر میرے لاشے په رونے نه آنا

در خیمے سے دیکھو گي بہنا حلق بھائي په خنجر کا پھرنا
جب جُدا سر کرے شمر ابتر میرے لاشے په رونے نه آنا

آه پھٹ جائیگا میرا سینه کھائیگي جب طمانچے سکینة
تم هي بننا نگهبانِ دختر میرے لاشے په رونے نه آنا

شرم رکھنا لٹے گھر کي میرے میرا عابد حوالے هے تیرے
ناتواں هےوه بیمار ، مضطر میرے لاشے په رونے نه آنا

سُن لو مولیٰ محمد سے شاکر حشر برپا کریں یه سُنا کر
آخري وه وصیّتِ سرور میرے لاشے په رونے نه آنا

عبد سیدنا المنعام طع
محمد الباقر هبة الله بهائي شاکر (لندن)
١٢ ربیع الاول ١٤٣٠ هـ